www.KitaboSunnat.com

کبھی وہ مسلمانوں کو اس طرح جھنجھوڑتے ہیں:

کبھی اے نوجواں مسلم تدبر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا

اگر ہم اب بھی قرآن کی طرف رجوع کرلیں تو دنیا کو کبھی یقین دہانی نہ کرانا پڑے کہ ہم ملک میں طالبان کا اسلام نافذ نہیں کریں گے یا سعودی عرب کا قانون رائج نہیں کریں گے۔ قرآن پاک تو فرماتا ہے۔ ﴿ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَ خَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴾ (آل عمران)

"دشمنوں سے مت ڈرو اور صرف مجھی سے ڈرو اگر تم مومن ہو"

دوسرے مقام پر قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے۔ ﴿ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴾ اگر تم مخلص مومن ہو تو تمہی دنیا میں سربلند ہوگے۔ اور آج واقعی ہم نے چشم سر سے مشاہدہ کرلیا کہ کس طرح کمزور نہتے افغانستان کے مجاہدین نے اللہ کے سوا کسی کے سامنے جھکنے سے انکار کردیا اور شمع قرآن ہاتھ میں لے کر سپرپاور کے سامنے ڈٹ گئے تو اللہ نے ان کو کس طرح سرخرو اور کامیاب کیا۔

اے اللہ اپنے خاص فضل و رحمت سے ہمیں قرآن سے اپنا تعلق مضبوط کرنے کی توفیق دے اور ہمیں گذشتہ دور کی سطوت و شوکت از سرنو حاصل کرنے کے قابل بنا تاکہ ہم "وہ زمانے میں معزز تھے مسلمان ہو کر" کے مصداق بن سکیں۔

جمعية إحياءُ التراث الاسلامي، کویت کی طرف سے تعزیت

الشيخ الفاضل / حافظ ثناء الله مدني ،،،،،، وجميع الإخوة أهل الحديث حفظهم الله

قال تعالى ﴿يٰأَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْ إِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴾

قد تلقّينا ببالغ الأسى والحَزَن خبر وفاة الشيخ/ حافظ نعيم الحق نعيم رحمه الله رحمة واسعة وتغمّده برحمته وأدخله فسيح جنانه، ومما لا شك فيه أن فقدان الشيخ هي خسارة للدعوة الإسلامية التي بحاجة لأمثال الشيخ بجدّه ونشاطه وعلمه الغزير ونتقدّم إليكم وإلى عائلة الفقيد الكريمة ببالغ عزائنا بوفاةِ الشيخ سائلين لكم الصبر والاحتساب على المصاب ،

والسلام عليكم ورحمة الله وبركاته ،،، (مدير لجنة القارة الهندية) ١٨/ شوال ١٤١٩ھ

ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اے مطمئن جان! اپنے رب کی طرف لوٹ جا کہ تو اس سے راضی اور وہ تجھ سے راضی!"

ہمیں حزن وملال سے بھرپور حافظ نعیم الحق نعیم کی وفات کی خبر ملی..... اللہ تعالیٰ ان پر وسیع رحمتیں فرمائے اور انہیں دامانِ رحمت میں جگہ دیکر وسیع باغات جنت میں بسائے! بلاشبہ قاری صاحب کی وفات سے اسلامی مشن اس وقت عظیم نقصان سے دوچار ہے جبکہ وہ ان جیسی سنجیدہ، بلند پایہ اور گہرے علم کی حامل شخصیت کا شدید ضرورتمند ہے۔

اس موقعہ پر جہاں ہم آپ تمام حضرات بالخصوص مرحوم کے معزز اہل خانہ سے اس صدمہ پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں وہاں اللہ سے آپ سب کیلئے صبر کی دعا اور اس پر اجر کی امید رکھتے ہیں! انچارج "شعبہ برصغیر پاک وہند"

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ